NYC HEALTH+ HOSPITALS

برائے نوخیز: نوجوان دیکھ بھال میں آپ کا خیر مقدم ہے

آپ کی دیکھ بھال کی ٹیم:
کلینک کے اوقات:
ملاقات کا وقت متعین کریں یا اسے منسوخ کریں:

صحت کی دیکھ بھال والی ٹیم اور باخبر مریض **(یعنی آپ)** کے درمیان پُراعتماد شراکتداری ایک طبی گھر کہلاتا ہے۔ ہم نوخیزوں اور نوجوان بالغوں کو صحت کی معیاری دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ آپ کو صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات کی فراہمی کے لیے ہم آپ اور آپ کے اہلِ خانہ کے ساتھ مل کر کام کریں۔

<u>وہ خدمات جو طبی گھر کے طور پر ہم آپ کو فراہم کرتے ہیں:</u>

- جسمانی صحت کی دیکھ بھال
- جذباتی یا ذہنی صحت کی دیکھ بھال
- بچاؤ کی صحت کی دیکھ بھال (مستقبل میں آپ کو بیمار پڑنے سے دور رکھنے کے لیے)
- قلیل مدتی بیماری اور لمبے وقت تک چلنے والے صحت کے مسائل کی دیکھ بھال

<u>آپ کے طبی گھر کے طورپر، ہمارا ارادہ ہے کہ:</u>

- آپ کی صحت کو بہتر بنانے کے طریقہ کار کے لیے، ہم آپ سے آپ کے خیالات اور اہداف کے بارے میں **پوچھیں گے**
- ہم آپ کو **سنیں گے** اور اگر آپ کے خدشات ہیں تو ان کے بارے میں بات چیت کریں گے۔
- صحت مند رہنے میں آپ کی **مدد** کے لیے ہم آپ کو صحت کے عارضوں کے بارے میں معلومات اس طرح فراہم کریں گے کہ آپ آسانی سے سمجھ پائیں۔
- آپ کی ٹیلیفون کالوں، سوالات اور خدشات کے **جوابات** فوری طور پر **دیں گے**۔
- آپ کو جب جسمانی معائنہ، ویکسین اور اسکریننگ ٹیسٹس کروانے ہوں گے تو ہم آپ کو **یاد دلائیں گے**۔
- آپ کے ٹیسٹ کے غیرمعمولی نتائج کے بارے میں جلد ازجلد **بتائیں گے**۔
- اگر ضرورت پڑی، تو دیگر صحت کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان یا ماہرین سے علاج معالجہ کروانے میں **مدد کریں گے**۔

<u>طبی گھر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہم آپ پر اعتماد کرتے ہیں، کہ:</u>

- ہم اور آپ اپنے طبی مسائل کے بارے میں جانیں، اور جن چیزوں پر ہم بات چیت کر رہے ہوں، اگر ان کے سمجھنے میں آپ کو دقت ہو رہی ہو، تو آپ ہمیں بتائیں گے۔
- ہم نے علاج معالجے کے جس منصوبے پر اتفاق کیا ہو، آپ اس پر جس حد تک ممکن ہو، عمل کرنے کی کوشش کریں۔
- **دیانتداری سے بات کریں۔** ہمیں اپنی طبی سرگذشت، پُرخطر رویوں اور، جو آپ استعما ل کرتے/کرتی ہیں، ان تمام ادویات کے بارے میں بتائیں۔
- جب دیگرصحت کی دیکھ بھال فراہم کنندگان آپ کی دیکھ بھال کا حصہ بنیں، تو ہمیں مطلع کریں۔ اگر وہ آپ کا معائنہ ہماری کلینک سے باہر کسی جگہ پر کرتے ہیں، تو ان سے کہیں کہ وہ ہمیں رپورٹ بھیجیں۔
- اپنی متعین شدہ ملاقات کے وقت پر پہنچیں۔ اگر آپ اپنی متعین شدہ ملاقات کے وقت پر نہیں پہنچ سکتے/سکتیں، توتبدیلی یا منسوخی کے لیے ہمیں کم ازکم 24 گھنٹے پہلے کال کرکے مطلع کریں۔
- **آپ جب بھی بیمار پڑیں** تو جس حد تک ممکن ہو ایمرجنسی روم (Emergency Room) میں جانے کے بجائے **ہمارے کلینک پر آئیں۔** ایسی صورت میں اگر کوئی آپ کو یا آپ کی طبی سرگذشت جانتا ہو گا، تو وہ آپ کو دیکھ بھال فراہم کرے گا۔
- **مریضوں کے پورٹل MyChart** پر رسائی حاصل کرنے کے لیے سائن آپ کریں۔
- ہمیں اپنی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے مشورے دیں۔

ہمارا عملہ آپ کی صحت کے مسائل کے بارے میں بات چیت کرنے یا آپ کے سوالات کے جوابات دینے کے لیے موجود ہے۔ صحت مند مستقبل کے لیے بہترین انتخابات کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے ہم آپ کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتے ہیں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS

نوخیزوں کے صحت کے حقوق

1. آپ کی نسل، رنگ، جائے پیدائش، اس ملک میں موجودگی کی کیفیت، مذہب، جنس، عمر، جنسی میلان، جنسی شناخت یا اظہار، معذوری یا صحت کے بیمے کی بنیاد پرہمارا رویہ آپ کے ساتھ مختلف (جانبدارانہ) نہیں ہو گا۔

2. ہمارا سارا عملہ آپ کے ساتھ وقارسے پیش آئے گا۔

3. اگر آپ کا والد/والدہ/سرپرست آپ کے ساتھ ہو، تو آپ کے طبی دورے کے دورانیہ کے ایک حصے کے لیے ہماراعملہ ان کو باہر جانے کے لیے کہے گا۔ یہ وہ وقت ہو گا جب آپ ہم سے رازداری میں بات چیت کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ آرام سے ایسا کر سکیں، تو ہمارا یہ بھی مشورہ ہے کہ ہمارے ساتھ بات چیت میں جو بھی معلومات سامنے آئیں، ان کا اشتراک آپ اپنے والد/والدہ/سرپرست یا آپ کی زندگی میں کسی دوسرے قابلِ اعتماد بالغ فرد سے کریں۔

4. ہمارا عملہ آپ کی اجازت کے بغیر آپ کی نجی معلومات دیگر افراد کو نہیں بتائے گا، تاوقتیکہ کہ ایسی خطرناک صورتحال پیدا ہو جائے کہ جس میں آپ کی یا کسی دوسرے کی زندگی کو خطرہ ہو۔

أ) نیویارک ریاست کے قانون کے مطابق، تمام نوخیزوں کو اپنے والدین یا قانونی سرپرست کی اجازت کے **بغیر** مندرجہ ذیل خدمات حاصل کرنے کی اجازت ہے:

- حمل کی جانچ، قبل از پیدائش کی دیکھ بھال، دستیاب متبادلات میں انتخاب، اور حمل گرانے کی خدمات کے لیے حوالہ
- مانع حمل معلومات اور طریقے
- جنسی فعل سے لگنے والے متعدی امراض (STI) کی جانچ اور علاج معالجہ
- منشیات کے استعمال کا علاج معالجہ
- بعض ذہنی صحت کے علاج معالجے

ب) ہمیں (قانونی طور پر) مجبوراً آپ کی نجی معلومات دوسروں کو دینا پڑسکتیں ہیں، جب:

- آپ ہمارے عملے کو بتائیں یا ہمیں شک ہو کہ کوئی بالغ شخص آپ کو تکلیف پہنچا رہا ہے۔
- آپ ہمارے عملے کو بتائیں کہ آپ اپنے آپ کو نقصان پہنچانا چاہتے/چاہتی ہیں۔
- آپ ہمارے عملے کو بتائیں کہ آپ کسی دوسرے کو تکلیف پہنچانا چاہتے/چاہتی ہیں۔

دیگر تمام معلومات آپ اور آپ کی دیکھ بھال والی ٹیم کے درمیان رازداری میں رہیں گی۔

5. آپ کو کس قسم کی دیکھ بھال کی ضرورت ہے، اس کا فیصلہ ہم آپ کے ساتھ مل کر کریں گے۔ آپ کو ممکنہ حد تک بہترین دیکھ بھال ملے گی اور آپ کو دیکھ بھال کے لیے موجود متبادلات میں سے انتخاب کرنے کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی جائے گی۔

6. اگر آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں سوالات کرنے ہیں یا آپ محسوس کرتے/کرتی ہیں کہ آپ کے ساتھ بدسلوکی کی گئی ہے، تو براہِ مہربانی ہمارے عملے کو مطلع کریں۔

آن لائن وسائل

Nycyouthhealth.org
Nyc.gov/teen
Aap.org
Youngwomenshealth.org
Youngmenshealthsite.org